بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

ملکی تاریخ میں پہلی میٹرو ٹرین لاہور میں چلے گی چین سے 1-6 ارب ڈالر کا تاریخی معاہدہ

منصوبہ رواں سال کے آخر میں شروع‘ 27 ماہ میں مکمل ہوگا‘ سرمایہ کاری اور کام کی نگرانی چین کرے گا‘ پاکستان کو ترقی یافتہ بنائیں گے‘ شہباز شریف

لاہور (نمائندہ جنگ، ایجنسیاں) ملکی تاریخ کی پہلی میٹرو ٹرین لاہور میں چلے گی، چین سے6.1ارب ڈالر کا تاریخی معاہدہ طے پا گیا۔ منصوبے کو اورنج لائن میٹرو ٹرین کا نام دیا گیا ہے، منصوبہ رواں سال کے آخر میں شروع اور سوا دو سال میں مکمل ہو گا، میٹرو ٹرین کا ٹریک 1.27 کلومیٹر طویل ہو گا، روٹ ٹھوکر نیاز بیگ سے ڈیرہ گجراں تک ہو گا، منصوبے کیلئے سرمایہ کاری اور کام کی نگرانی چین کریگا۔ وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کیلئے آج بڑی خوشی کا دن ہے، دوست ملکوں کے تعاون سے ملک کو ترقی یافتہ اور خوشحال بنائیں گے۔ چین کے دورے سے وطن واپس پہنچنے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ میٹرو ٹرین منصوبہ پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا اور منفرد پراجیکٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین میں ملنے والے پیار محبت اور پذیرائی کو بھول نہیں سکتے۔ قبل ازیں پاکستان میں پہلی میٹرو ٹرین چلانے کے منصوبے کے معاہدے کی تاریخی تقریب شنگھائی میں منعقد ہوئی۔ معاہدے پر وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور چین کے نیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارم کمیشن کے چیئرمین ژو سوسائی نے دستخط کئے۔ چینی صدر شی جن پھنگ اور پاکستانی صدر ممنون حسین بھی اس تقریب میں موجود تھے۔ وزیراعلیٰ شہباز شریف نے معاہدے کو تاریخ ساز قرار دیتے ہوئے کہا کہ میٹرو ٹرین منصوبہ ملک کی تاریخ میں اہم سنگ میل ثابت ہو گا اور عوام کو جدید اور بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ میٹرو ٹرین منصوبہ آمد و رفت کے نظام میں انقلاب لائے گا۔ اورنج لائن میٹرو ٹرین منصوبہ ہمارے عوامی خدمت کے ایجنڈے کا حصہ ہے جسے تیز رفتاری، شفافیت اور اعلیٰ معیار کے ساتھ مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے گا۔ میٹرو ٹرین منصوبے کا دائرہ کار بھی دیگر بڑے شہروں تک بڑھایا جائے گا۔ لاہور اورنج لائن میٹرو ٹرین کے آغاز میں روزانہ تقریباً اڑھائی لاکھ شہری سفر کریں گے اور2025 تک مسافروں کی تعداد بڑھ کر دو گنا یعنی پانچ لاکھ ہو جائے گی۔

ShareThis
آج کا اخبار پڑھئے